المناک سڑک حادثہ میں بائک سوار 3 نوجوانوں کی موت

بس نے مخالف سمت سے آنے والی بائک کو ماری ٹکر ❖ ڈرائیور بس لے کر فرار ❖ سی او نے اسپتال پہنچ کر معلومات حاصل کی

شاملی (سالم انصاری/ ایس این بی)

ضلع میں آج دوپہر ایک المناک حادثے میں موٹر سائیکل سوار 3 نوجوانوں کی موت ہوگئی۔ بتایا گیا کہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب کیرانہ تھانہ علاقہ میں روڈویز کی بس ایک بائک سے ٹکرا گئی۔ حادثے میں موٹر سائیکل سوار 3 افراد کی موت ہوگئی۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر تینوں لاشوں کو ایمبولینس کے ذریعے کمیونٹی ہیلتھ سینٹر پہنچایا۔ تینوں کیرانہ کے رہنے والے تھے، دوپہر ساڑھے بارہ بجے شاملی روڈ پر بائی پاس فلائی اوور کے نیچے تیز رفتار سے جارہی ایک بس نے مخالف سمت سے آنے والی بلٹ بائک کو ٹکر ماردی۔ جس کی وجہ سے بائک پر سوار 3 نوجوان شدید زخمی ہوگئے۔ حادثے کے بعد ڈرائیور بس سمیت موقع سے فرار ہوگیا، اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو سرکاری اسپتال پہنچایا جہاں ڈاکٹروں نے تینوں کو مردہ قرار دے دیا۔ بعدازاں ایک متوفی کے چچا اسپتال پہنچے اور بتایا کہ متوفی اس کا بھتیجا شارق (19) تھا۔ بتایا گیا کہ شارق غیر شادی شدہ اور 2 بھائیوں میں بڑا تھا۔ شارق کے والد کا بھی تقریباً 5 سال قبل انتقال ہوگیا تھا۔ اس کے علاوہ مرنے والوں میں ایک کا نام آصف ولد رفیق ساکن محلّہ اکرام پورہ اور دوسرے کا نام آصف ولد شاہد ساکن محلّہ اکرام پورہ تھا۔ اطلاع پر سی او امردیپ موریہ نے سرکاری اسپتال پہنچ کر معلومات حاصل کیں۔

سرکاری محکموں میں نوکری دلانے کے نام پر رقم ہڑپنے والے گینگ کا ممبر گرفتار

اشرف عثمانی

دیوبند (ایس این بی)

بے روزگار نوجوانوں کو سرکاری محکموں میں نوکری دلانے کے نام پر فرضی تقرری لیٹر دے کر رقم ہڑپنے والے بین ریاستی گینگ کے ایک رکن کو دیوبند اور گاگلہیڑی پولیس کی مشترکہ ٹیم نے گرفتار کیا ہے۔ پولیس نے گرفتار ملزم کو جیل بھیج دیا۔ پیر کو کوتوالی دیوبند اور گاگلہیڑی تھانے کی مشترکہ پولیس ٹیم نے بہار کے پٹنہ ضلع کے سلیم پور تھانے کے ودھی پور گاؤں کے رہنے والے سورج کمار ولد سنجے کمار کو گرفتار کیا۔ ایس پی دیہات ساگر جین نے بتایا کہ ملزم ایک بین ریاستی گینگ کا رکن ہے جو سرکاری نوکری کے نام پر دھوکہ دے کر رقم بے روزگاروں سے ہڑپتے ہیں۔ بتایا کہ 22/ اکتوبر 2023 کو دیوبند کے گاؤں اسد پور کرنجالی کے رہنے والے اکشے کمار نے دیوبند تھانے میں سرکاری محکمے میں نوکری دلانے کے نام پر 44/ لاکھ 50/ ہزار روپے کے ہڑپنے کا معاملہ درج کرایا تھا۔ جبکہ گاگلہیڑی تھانے کے چورا خورد گاؤں کے رہنے والے پرشانت کمار کی شکایت پر گاگلہیڑی تھانے میں 20/ لاکھ روپے کے ہڑپنے کا معاملہ درج کیا گیا تھا۔ اس معاملے میں نوئیڈا کے رہائشی وشال، مظفرنگر کے رہنے والے دیپک سریواستو، کھتولی مظفرنگر کے رہنے والے تشار اپادھیائے اور غازی آباد کے رہنے والے صلاح الدین کو پہلے ہی گرفتار کرکے جیل بھیج دیا گیا ہے۔ جبکہ پولیس مفرور گینگ ممبر سورج کمار کی تلاش کررہی تھی۔ پیر کو پولیس ٹیم نے ملزم سورج کو گرفتار کرکے عدالت میں پیش کیا اور جیل بھیج دیا۔

'مودی حکومت میں کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں'

بی جے پی اقلیتی مورچہ نے عید ملن تقریب منعقد کی

ORGANI
MASHKOOR KH

میرٹھ (ایس این بی) بی جے پی اقلیتی مورچہ اتر پردیش کی جانب سے مکہ مسجد کے قریب ڈاکٹر ذاکر حسین کی کالونی میں عید ملن تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ پروگرام میں ملک کے ثقافتی ورثے، قومی اتحاد اور تمام مذاہب کے درمیان ہم آہنگی کو مضبوط بنانے کا پیغام ملک کے عوام کو دیا گیا۔ اس موقع پر پروگرام کے مہمان خصوصی قومی اقلیتی کمیشن کے رکن تھے۔ مسز رنچن لہمو نے کہا کہ ہمارا ملک تنوع میں اتحاد کا ملک ہے۔ ہم سب تمام مذاہب کے لوگ اکٹھے ہوکر تمام تہوار منائیں۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں اقلیتی برادری اور اتر پردیش کی بہبود کے لیے مرکزی سرکاری اسکیموں کا فائدہ سماج کے آخری نمبر پر بیٹھے لوگوں تک پہنچتا ہے۔ بی جے پی حکومت میں کسی کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک نہیں کیا جارہا ہے۔ حکومت سب کے ساتھ ہے۔ سب کا وکاس اور سب کا وشواس کے ساتھ کام کیا جارہا ہے۔ مہمان خصوصی صدر میڈل سے نوازے گئے سردار سربجیت کپور نے کہا کہ ہمارے ملک میں تمام مذاہب کے لوگ متحد ہیں۔ تہواروں کو ایک ساتھ منانا ہماری مشترکہ ثقافت کا حصہ ہے۔ اس دوران بی جے پی اقلیتی مورچہ کے ریاستی ورکنگ کمیٹی کے رکن قاضی، پروگرام کے آرگنائزر شاداب اور مشکور خان نے مہمان خصوصی کو مومنٹو اور گلدستہ دے کر خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر حاجی گلفام سیفی، صداقت حسین، دلدار سیفی، نغمہ خان، مختار علی، مستقیم سیفی، قاری عاصم، مولانا خالق، رنکو ورما، اظہر انصاری، فیصل زیدی، سید شارق، بھورا ملک اور اختر عباس وغیرہ نے بھی خطاب کیا۔

محرم اور کانوڑ یاترا کے مدنظر افسران اور شانتی سمیتی کی میٹنگ

شاہد زبیری

سہارنپور (ایس این بی)

آج یہاں ضلع کلکٹریٹ ہال میں محرم اور کانوڑ یاترا کو لیکر ضلع افسران نے نگر شانتی سمیتی کے ذمہ داران کے ساتھ میٹنگ کی۔ میٹنگ کی صدارت ڈی ایم ڈاکٹر دنیش چندر نے کی۔ میٹنگ میں ایس ایس پی ڈاکٹر وپن ٹاڈا و دیگر افسران کے ساتھ سیاسی و سماجی شخصیت نے شرکت کی اور اپنے مشورے دیئے اور تجاویز پیش کیں۔ ڈی ایم ڈاکٹر دنیش چندر اور ایس ایس پی وپن ٹاڈا نے کہا کہ تمام مجسٹریٹ اور پولیس افسران کو ڈیوٹی پر تعینات کیا جائے گا، وہ اپنے فرض منصبی میں لاپروائی نہ برتیں اور اپنی ذمہ داریوں کو اچھی طرح سے پورا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہر افسر اور عملہ کے پاس کانوڑ کیمپ کے ذمہ داران کے فون نمبر ہونے چاہئے، مندروں کی صفائی کا خاص خیال رکھا جائے، اسٹریٹ لائٹ کا خاص انتظام کیا جائے، بجلی کے تاروں کا دھیان رکھا جائے، خراب تار بدل دیئے جائیں تاکہ کوئی حادثہ نہ ہو پائے۔ راستہ میں پڑنے والے ٹرانسفارموں کی بیریکیڈنگ کرائی جائے، منتظمین کو بلا وجہ پریشان نہ کیا جائے، کانوڑ کیمپوں میں پلاسٹک کے برتنوں کا استعمال نہ کرنے دیا جائے، اسٹیل یا کاغذ کے برتن استعمال کئے جائیں، کیمپوں میں ضروری دواؤں کا بندوبست کیا جائے، ایمبولینس کا نظم رہے، موبائل بیت الخلاء کا انتظام کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تہواروں کو ان کی ریتی رواج اور آپسی بھائی چارے کے ساتھ منایا جائے اور ایسا کوئی کام نہ ہونے دیا جائے جس سے کسی کے مذہبی جذبات مجروح ہوتے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع سہارنپور ہمیشہ سے گنگا جمنی تہذیب کی مثال رہا ہے، اس کی یہ پہچان برقرار رکھی جائے۔ محرم کے جلوس کی بابت انہوں نے کہا کہ تعزیوں کی بلندی کے لحاظ سے بجلی کے تاروں کو ٹھیک ٹھاک رکھا جائے، جلوس کے راستوں میں آنے والے گڑھے درست کرائے جائیں، کسی جگہ بھی پانی جمع نہ ہونے دیا جائے، لائٹ کا خاص دھیان رکھا جائے۔ انہوں نے جلوس کے راستوں میں صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کی بھی تاکید کی۔ انہوں نے افسران سے کہا کہ وہ شانتی سمیتی کے ذمہ داران سے رابطہ بنائے رکھیں۔ ایس ایس پی ڈاکٹر وپن ٹاڈا نے لوگوں سے کہا کہ تہواروں کو اس طرح منایا جائے جس سے کسی دوسرے کو پریشانی نہ ہو۔ انہوں نے کانوڑ اور محرم کے جلوسوں کے منتظمین سے کہا کہ کسی بھی کام کیلئے وہ اس کام کی پہلے اجازت حاصل کرلیں جس سے ضلع انتظامیہ پہلے سے تعاون کر پائے۔ انہوں نے کانوڑ کیمپوں میں سی سی ٹی وی کیمرے لگانے کی طرف بھی توجہ دلائی تاکہ سکیورٹی چاق چوبند رکھی جا سکے۔ انہوں نے پولیس افسران سے کہا کہ وہ پہلے سے متعلقہ علاقوں کا دورہ کرلیں اور تیاریوں کا جائزہ لے لیں۔ میٹنگ میں تمام محکموں کے افسران کے علاوہ شرکت کرنے والوں میں سابق ممبر اسمبلی سریندر کپل، مولانا فرید مظاہری، ڈاکٹر اطہر زیدی، سرفراز خاں، سول چیف وارڈن راجیش جین، مہندر تنیجہ، دنیش سیٹھی، برت چاولہ، اقبال زیدی اور عامر خاں ایڈووکیٹ وغیرہ موجود رہے۔

بابا گینگ کے بدمعاش اور زمین مافیا پر اغوا کی کوشش کا الزام

دیوبند (ایس این بی) میونسپل بورڈ دیوبند کے سابق رکن نے بابا گینگ کے ایک بدمعاش اور زمین مافیا پر الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب وہ اپنے شادی ہال کے دفتر میں بیٹھا ہوا تھا تو دفتر میں گھس کر اس کو اغوا کرنے کی کوشش کی گئی۔ اس واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور اس نے پورے واقعہ کی جانچ کی، وہیں متاثرہ شخص نے دو نامعلوم افراد سمیت پانچ لوگوں کے خلاف تحریر دے کر پولیس سے کارروائی کئے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔ موصولہ اطلاع کے مطابق میونسپل بورڈ دیوبند کے سابق رکن محمد عاقل نے کوتوالی دیوبند میں ایک تحریر دیتے ہوئے بتایا کہ پیر کے روز وہ محلّہ کائستھ واڑہ میں واقع اپنے شادی ہال کے دفتر میں بیٹھا ہوا تھا کہ اسی درمیان وہاں بابا گینگ کا ایک بدمعاش جو حال ہی میں جیل سے رہا ہوا ہے، اپنے زمین مافیا والد سمیت پانچ افراد کے ساتھ اس کے دفتر میں گھس آیا اور اس کے ساتھ بدتمیزی کرنے کے علاوہ مارپیٹ کرتے ہوئے زبردستی ایک کار میں بٹھانے کی کوشش کرنے لگا لیکن شور و غل کی آوازیں سن کر جب وہاں آس پاس کے لوگ جمع ہونا شروع ہوگئے تو پانچوں افراد دھمکیاں دیتے ہوئے وہاں سے بھاگ نکلے۔ محمد عاقل کا کہنا ہے کہ یہ زمین مافیا اور اس کا بیٹا اس سے قبل بھی چاند کالونی میں اس کی زمین پر قبضہ کرنے کی کوشش کرچکے ہیں۔ متاثرہ شخص نے باپ بیٹے سمیت تین افراد کو نامزد کرتے ہوئے دو دیگر نامعلوم لوگوں کے خلاف کارروائی کئے جانے کا مطالبہ کرتے ہوئے پولیس کو تحریر دی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ تحریر کی بنیاد پر پورے معاملہ کی تحقیق کی جارہی ہے، جانچ کے بعد ملزمان کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

جنگل گئی خاتون کے ساتھ حیوانیت

میرٹھ (ایس این بی) پریکشت گڑھ میں چارہ کاٹنے گئی دلت خاتون کی عصمت دری کی گئی۔ علاقے کے نارنگ پور گاؤں کی ایک دلت خاتون جانوروں کے لیے چارہ کاٹنے کے لیے پڑوس کے جنگل میں گئی تھی، جب رنکو نامی نوجوان نے اس کی عصمت دری چاقو کے بل پر کی۔ مقتولہ کے شوہر نے بتایا کہ نوجوان کے خلاف تھانہ میں رپورٹ درج کرائی گئی ہے کہ جب وہ چارہ کاٹنے گئی تو گاؤں جٹھولہ کے رہائشی رنکو نے آکر خاتون کو پکڑ کر زیادتی کا نشانہ بنایا۔ اس کے گلے پر چاقو مارا اور کسی کو بتانے پر جان سے مارنے کی دھمکی دیتے ہوئے فرار ہوگیا۔ متاثرہ خاتون نے تمام واقعہ اپنے شوہر کو سنایا، تھانہ انچارج نے مذکورہ نوجوان کے خلاف عصمت دری کی رپورٹ درج کر لی ہے اور ایس سی ایکٹ کے تحت واقعہ کی تحقیقات کررہے ہیں اور ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

نابالغ کی عصمت دری کا مطلوبہ ملزم گرفتار

دیوبند (ایس این بی) پولیس نے نابالغ کی عصمت دری کرنے کے مطلوبہ ملزم کو گرفتار کر کے جیل بھیج دیا ہے۔ 13 جون کو علاقے کے ایک شخص نے مظفرنگر ضلع کے بھوپا تھانہ کے گاؤں جولی کے رہنے والے کیف عرف سونو کے خلاف دیوبند تھانے میں اس کی نابالغ بیٹی کے ساتھ عصمت دری کا مقدمہ درج کرایا تھا۔ بتایا گیا کہ ملزم کیف گزشتہ آٹھ نو ماہ سے اس کی بیٹی کی فحش تصاویر دکھا کر اسے ہراساں کررہا تھا۔ یہی نہیں وہ اسے جان سے مارنے کی دھمکیاں دیتے ہوئے اس کی عصمت دری بھی کرتا رہا۔ اس کے بعد سے پولیس ملزم کی تلاش میں مصروف تھی۔ اتوار کی رات اطلاع ملنے پر پولیس نے ملزم کو گاؤں دیوبند کے تگھری سے گرفتار کرلیا۔ کوتوالی انچارج سنجیو کمار نے بتایا کہ ملزم کو جیل بھیج دیا گیا ہے۔ دوسری جانب کوتوالی پولیس نے بہلا پھسلا کر گھر سے لے جانے والی لڑکی کو بحفاظت برآمد کرلیا۔ جبکہ ملزم تاحال پولیس کی گرفت سے باہر ہے۔ علاقے کے ایک گاؤں کے رہنے والے ایک شخص نے رنکھنڈی گاؤں کے رہنے والے انشو کے خلاف اپنی بیٹی کو بہلا پھسلا کر لے جانے کے الزام میں تھانے میں شکایت درج کرائی تھی۔ تب سے پولیس اس کی تلاش میں تھی۔ پولیس کے مطابق پیر کو لڑکی کو اسٹیٹ ہائی وے پر واقع پل نمبر 10 کے قریب بس اسٹینڈ سے بحفاظت برآمد کرلیا ہے۔ عدالت میں اپنا بیان ریکارڈ کرانے کے بعد لڑکی کو اس کے اہل خانہ کے حوالے کر دیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کو جلد گرفتار کرلیا جائے گا۔

ہیلتھ ورکرس کی سینئر فزیشین اور گائنا کونولوجسٹ کیساتھ ریفریشر ٹریننگ

सुल्तानपुर-चिलकाना, जिला सहारनपुर
दिनांक : 23-06-2024
स्थान : दिशा कैम्पस

سہارنپور (ایس این بی)

آج یہاں دشا سوشل آرگنائزیشن کے ہیلتھ ورکرس کے زیر اہتمام ضلع کے سینئر فزیشین ڈاکٹر انکور اپادھیائے اور گائنکونولوجسٹ ڈاکٹر نوتن اپادھیائے کے ساتھ یہاں دشا کے ہیڈ کواٹر چلکانہ سلطانپور کے باغ آفس پر ایک ریفریشر ٹریننگ کے پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈاکٹر انکور اپادھیائے اور ڈاکٹر نوتن اپادھیائے نے خواتین اور نوعمر لڑکیوں کی صحت اور صفائی کی بابت ضروری باتیں بتائی گئیں، خواتین اور نوعمر لڑکیوں کو صحت سے متعلق کیسے بیدار کیا جائے اس پر روشنی ڈالی۔ خون اور کیلشیم کی قلّت سے ہونے والی بیماریوں سے آگاہ کیا اور غذائیت سے بھرپور کھانوں کی طرف توجہ دلائی۔ حاملہ خواتین کو ہونے والی پریشانیوں اور بیماریوں سے نمٹنے کا طریقہ سمجھایا اور حاملہ خواتین کو آئرن اور کیلشیم کی ٹیبلٹ لینے کی صلاح دی۔ ڈاکٹر انکور اپادھیائے نے بلڈ پریشر، شوگر اور امراضِ قلب سے محفوظ رہنے کی احتیاط و تدابیر بتائیں۔ فاسٹ فوڈ اور تلی ہوئی چیزوں کے استعمال کے مضراثرات سے آگاہ کیا اور کہا کہ انسان کو صحت مند رہنے کیلئے صحت کے تئیں بیدار رہنا بھی ضروری ہے۔ کوآرڈی نیٹر تسنیم بانو نے ریفریشر ٹریننگ کے مقاصد پر روشنی ڈالی اور کہا کہ اس کا مقصد دیہی علاقوں کی خواتین اور نوعمر لڑکیوں کو صحت کے تئیں بیدار کرنا اور خواتین و نوعمر لڑکیوں کو ہونے والے خصوصی امراض کی بابت بتانا تھا۔ سینئر کوآرڈی نیٹر جہانوی تیواری نے ذہنی صحت کو خاندان اور سماج کی ترقی کیلئے ضروری بتایا۔ دشا سوشل آرگنائزیشن کے بانی کے این تیواری نے صحت اور صفائی کی اہمیت بتائی۔ کوآرڈی نیٹر ریکھا شرما ضلع کے 15 گاؤوں کی خواتین کی صحت کو لیکر دشا کی طرف سے بیداری پروگرام چلا جارہی ہیں۔ ٹریننگ میں 30 خواتین اور نوعمر لڑکیوں نے حصہ لیا۔ اس موقع پر نیلم، سریشو سینی، کانتا، رضیہ، گیتا، سونم، پنکج، سیما، ریتا، ارچنا، متھلیش، سنجو اور مینا نے بھی اظہارِ خیال کیا۔

ریاستی چائلڈ رائٹس پروٹیکشن کمیشن نے ڈویژنل جائزہ میٹنگ کا انعقاد کیا

شکیل سیفی

میرٹھ (ایس این بی)

آج وکاس بھون آڈیٹوریم میں ڈاکٹر دیویندر شرما چیئرمین (ریاستی سطح کے وزیر)، اتر پردیش ریاستی کمیشن برائے تحفظ حقوق اطفال کی طرف سے ایک ڈویژنل جائزہ میٹنگ بلائی گئی۔ میٹنگ میں سماجی بہبود، لیبر، ایجوکیشن، ڈسٹرکٹ چائلڈ پروٹیکشن یونٹ، اقلیتی بہبود، معذوروں کی بہبود اور ایکسائز وغیرہ کے محکموں کے ذریعے بچوں کے تحفظ سے متعلق کام کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ضلع میں چائلڈ لیبر بالکل نہیں ہونی چاہئے۔ انہوں نے متعلقہ افسر کو منشیات کے خلاف مہم چلانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ اسکولوں سے 100 میٹر کے دائرے میں تمباکو کی مصنوعات فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ شراب کی دکانوں پر سی سی ٹی وی کیمرے لگائے جائیں اور 21 سال سے کم عمر کے لوگوں کو شراب فروخت نہ کی جائے۔ انہوں نے ضلع، بلاک اور گاؤں کی سطح پر چائلڈ پروٹیکشن کمیٹی کے باقاعدہ اجلاس منعقد کرنے کی ہدایت دی۔ چیئرمین نے سماجی بہبود افسر سے اے پی ایس اسکول، ابھیودیا یوجنا، کستوربا ودیالیہ کے بارے میں معلومات حاصل کیں، جس پر سماجی بہبود افسر نے بتایا کہ ابھیودیا اسکیم کے تحت ضلع کے افسران کے ذریعہ تدریسی کام کیا جارہا ہے۔ انہوں نے ضلع پروگرام آفیسر سے آنگن واڑی ورکرس اور نیوٹریشن مہم کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ چیئرمین نے اسکولوں میں باورچیوں کے انتظامات کے بارے میں معلومات حاصل کیں جس پر ڈسٹرکٹ پروگرام آفیسر نے بتایا کہ کھانا پکانے کے انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ انہوں نے آنگن واڑی ورکرس اور آشا کے لیے ای-شرم اور آیوشمان کارڈ بنانے کی ہدایات دیں۔ چیئرمین نے ڈسٹرکٹ اسکول انسپکٹر کو سینٹینل کلب بنانے کی ہدایت کی تاکہ بچوں کے حقوق سے متعلق تمام معلومات نچلی سطح تک پہنچائی جاسکیں۔ اس موقع پر ضلع مجسٹریٹ دیپک مینا، ایس پی کرائم انیت کمار، ڈسٹرکٹ پروبیشن آفیسر اجیت کمار، ضلع سماجی بہبود افسر سنیل کمار سنگھ، سی ایم او ڈاکٹر اکھلیش موہن، ڈسٹرکٹ پروگرام آفیسر ونیت کمار سنگھ اور دیگر متعلقہ افسران اور ڈویژنل افسران موجود تھے۔

ضمنی انتخاب: ارم عثمانی کا کانگریس کے حق میں مہم چلانے کا فیصلہ

دیوبند (ایس این بی)

سہارنپور اور کیرانہ پارلیمانی سیٹوں پر جیت کا پرچم لہرانے کے بعد سوشل ورکر ارم عثمانی منگلور اسمبلی سیٹ پر ہونے والے ضمنی الیکشن کے لئے کانگریس پارٹی کے امیدوار قاضی نظام الدین کے حق میں مہم چلائیں گی اور بی جے پی کو شکست سے دوچار کرنے کے لئے عوام کو بیدار کریں گی۔ تفصیل کے مطابق منگلور اسمبلی سیٹ پر ہونے والے ضمنی الیکشن میں کانگریس پارٹی کے لئے مہم چلانے کے لئے ارم عثمانی نے تشہیری مہم میں شرکت کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ ارم عثمانی نے بتایا کہ سہارنپور اور کیرانہ پارلیمانی سیٹوں پر ہونے والے الیکشن کے دوران انہوں نے کانگریس اور انڈیا اتحاد کے امیدواروں کے حق میں زوردار مہم چلائی۔ اس دوران انہیں عوامی ہمدردی بھی حاصل رہی اور ان کی بیداری مہم بھی کامیاب رہی۔ اس لئے اب وہ منگلور اسمبلی سیٹ پر بی جے پی کو شکست سے دوچار کرنے اور کانگریس پارٹی کو کامیابی دلانے کی غرض سے تشہیری مہم چلانے اور اس حلقہ کے ووٹرس کو بیدار کرنے کے لئے الیکشن کے پروگراموں میں شرکت کریں گی اور عوامی رابطہ کی مہم بھی چلائیں گی۔ ارم عثمانی نے کہا کہ ان کا مقصد آپسی بھائی چارہ اور پیار و محبت کے جذبوں کو جگانا ہے اور نفرت کو ختم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اتراکھنڈ میں بی جے پی بہ مقابلہ کانگریس الیکشن ہے، اسی پیغام کو لے کر وہ عوام کے درمیان جائیں گی۔

کسان کو نامعلوم بدمعاشوں نے چاقو سے کیا قتل

دیوبند (ایس این بی) کھیتوں میں پانی دے رہے ایک کسان کو نامعلوم بدمعاشوں نے چاقو اور دیگر دھاردار ہتھیاروں سے حملہ کر کے ہلاک کردیا، اس خونی واردات کے بعد پورے علاقہ میں سنسنی پھیل گئی، اطلاع ملنے پر موقع پر پہنچی پولیس نے لاش کو اپنے قبضہ میں لیکر پوسٹ مارٹم کے لئے ضلع اسپتال بھیج دیا، مقتول کسان کے بیٹے نے نامعلوم بدمعاشوں کے خلاف تھانہ ناگل میں رپورٹ درج کرائی ہے۔ موصولہ تفصیل کے مطابق تھانہ ناگل علاقہ کے گاؤں پہاڑ پور کا باشندہ 42/ سالہ نیٹو سینی ولد ضلعدار گزشتہ رات تقریباً 11/ بجے گاؤں کے قریب واقع اپنے کھیتوں میں پانی چلانے گیا تھا۔ بتایا جاتا ہے کہ نیٹو سینی 12/ بجے کے بعد کھیت میں چارپائی پر آرام کرنے کے لئے لیٹ گیا، اسی دوران کچھ نامعلوم بدمعاشوں نے کھیت میں پہنچ کر نیٹو سینی کی گردن پر دھاردار ہتھیار سے حملہ کر کے شدید طور پر زخمی کردیا، نامعلوم بدمعاش واردات کو انجام دے کر فرار ہوگئے۔ نیٹو سینی زخمی حالت میں بھی اپنی بائک سے کسی طرح گھر تک پہنچا لیکن گھر پہنچتے ہی بے ہوش ہوکر گر گیا، نیٹو سینی کو خون سے لت پت دیکھ کر اہل خانہ میں کہرام مچ گیا، اہل خانہ زخمی حالت میں اسے سرکاری اسپتال لیکر پہنچے جہاں ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دے دیا۔ واقعہ کی اطلاع متوفی کے بیٹے نندو نے پولیس کو دی اور نامعلوم بدمعاشوں کے خلاف تحریر دے کر رپورٹ درج کرائی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا گیا ہے، پولیس نامعلوم بدمعاشوں کی تلاش میں مصروف ہے، جلدی ہی واقعہ کا انکشاف کر دیا جائے گا۔

چھیڑ خانی کرنے پر فائرنگ، 5 حراست میں

میرٹھ (ایس این بی) لیساڑی گیٹ تھانے کی کالونی میں چھیڑ چھاڑ کرنے والے بدمعاشوں کو پکڑنے کے لیے پولیس نے موقع پر پہنچ کر سی سی ٹی وی فوٹیج کی بنیاد پر خاتون سمیت 5 افراد کو حراست میں لے لیا، حملہ آوروں کی تلاش شروع کردی۔ لیساڑی گیٹ تھانہ علاقے کی کالونی میں رہنے والی لڑکی نے بتایا کہ پڑوس میں رہنے والا ایک نوجوان 20 دنوں سے لڑکی کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کررہا تھا، اس کے خلاف اہل علاقہ نے احتجاج کیا تو انہوں نے شکایت درج کرانے سے انکار کردیا۔ چھیڑ چھاڑ کے تنازع کو لیکر لڑکی کے بھائی نے فائرنگ کردی، اس دوران قریب میں لگے سی سی ٹی وی کیمرے میں بدمعاش قید ہوگیا۔ اطلاع ملتے ہی سی او کوتوالی اور لیساڑی گیٹ انسپکٹر پولیس فورس کے ساتھ موقع پر پہنچ گئے اور پولیس نے سی سی ٹی وی کیمرے کی فوٹیج کی بنیاد پر ایک خاتون سمیت 5 افراد کو حراست میں لے کر تلاش شروع کردی۔ آس پاس کے سی او کوتوالی آشوتوش کمار کا کہنا ہے کہ معاملے کی جانچ کی جارہی ہے، مزید کارروائی کی جائے گی۔

فریقین میں مارپیٹ اور پتھراؤ، 2 افراد زخمی

گنگوہ (ایس این بی) گزشتہ شب قصبہ کے محلّہ غلام اولیاء میں دو فریق متصادم ہوگئے۔ جس میں دو لوگ زخمی ہوگئے۔ دونوں فریق کی جانب سے کوتوالی میں ایک دوسرے کے خلاف تحریر دی گئی ہے۔ غلام اولیاء میں رہنے والی مصروفہ اہلیہ مطلوب نے کوتوالی میں دی گئی تحریر میں بتایا ہے کہ اتوار کی شب وہ اپنے بیمار دیور کو دیکھنے اس کے گھر گئی تھی۔ وہ اپنے دیور کے گھر بیٹھی ہوئی تھی کہ تبھی وہاں کچھ بائک سوار نوجوان شور کرنے لگے۔ جب انہیں ایسا کرنے سے منع کیا گیا تو وہ مارپیٹ پر آمادہ ہوگئے۔ اس دوران وہاں کافی تعداد میں لوگ جمع ہوگئے۔ مارپیٹ پر آمادہ ان لوگوں نے ان کے ایک گھر میں توڑ پھوڑ بھی کی۔ دوسرے فریق کی جانب سے محلّہ قریشیان کے رہنے والے مشرف نے تحریر دے کر کہا ہے کہ وہ اتوار کی شب اپنے گھر میں بیٹھے ہوئے تھے اسی وقت ان کا لڑکا محسن روتا ہوا آیا۔ اس نے بتایا کہ اس کے ساتھ کچھ لوگوں نے مارپیٹ کی ہے۔ اس کے بعد چار ملزمان اس کے گھر میں گھس آئے اور انہوں پتھراؤ اور مارپیٹ شروع کردی جس میں اس کے دو بھائی زخمی ہوگئے۔ پولیس نے اس معاملے میں دو زخمیوں کو میڈیکل کیلئے بھیجا ہے۔ پولیس نے ایک فریق کی تحریر پر معاملہ درج کر کے تفتیش شروع کردی ہے۔

تنہا رہ رہے شخص کی پراسرار موت

گنگوہ (ایس این بی) گھر میں تنہا رہنے والے ایک شخص کی مشتبہ حالات میں موت ہوگئی۔ متوفی کی بہن نے اپنے بھائی کا قتل کئے جانے کا اندیشہ ظاہر کیا ہے۔ پولیس نے لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا ہے۔ اس معاملے میں متوفی کے بھانجے کی طرف سے تین لوگوں پر قتل کرنے کا الزام لگاتے ہوئے کوتوالی میں تحریر دی گئی ہے۔ گاؤں بانس دیوی میں 45 سالہ رویندر ولد ضلع سنگھ اپنے گھر میں اکیلا ہی رہتا تھا۔ کیونکہ اس کی دو بہنوں کی شادی ہوچکی ہے جبکہ اس کی بیوی اسے چھوڑ کر چلی گئی تھی۔ رویندر کے دو بچے رویندر کی بہن کے پاس رہتے ہیں۔ پیر کے روز اس کی اپنے ہی گھر میں مشتبہ حالات میں موت ہوگئی۔ متوفی کی بہن نے اس کا قتل کئے جانے کا اندیشہ ظاہر کیا ہے۔ جس کے بعد پولیس نے موقعہ پر پہنچ کر لاش کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا ہے۔ کوتوالی انچارج ایچ این سنگھ کا کہنا ہے کہ بادی النظر موت کی وجہ بیماری معلوم ہوتی ہے، لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا گیا ہے۔ پوسٹ مارٹم کی رپورٹ آنے کے بعد ہی موت کی اصل وجہ معلوم ہوسکتی ہے۔ دیر شام اس معاملے میں متوفی کے بھانجے انکت نے کوتوالی میں تحریر دے کر گاؤں کے ایک ذمہ دار شخص سمیت تین لوگوں پر اپنے ماموں کو مار ڈالنے کا الزام عائد کیا ہے۔

ڈاکٹر نصیر عثمانی کا طویل علالت کے بعد انتقال



دیوبند (ایس این بی)

جامعہ طبیہ دارالعلوم دیوبند کے سابق خدمت گار محلّہ ابوالبرکات کے قدیم باشندہ قاضی فرحان کے خالو اور خالد نمبردار مرحوم کے حقیقی ماموں ڈاکٹر نصیر عثمانی کا طویل علالت کے بعد انتقال ہوگیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ ڈاکٹر نصیر عثمانی کافی عرصہ تک دارالعلوم دیوبند کے جامعہ طبیہ میں خدمت انجام دیتے رہے۔ بعدازاں وہ دہلی منتقل ہوگئے اور دہلی کے جولی فارم میں اپنے بیٹوں و اہلیہ کے ساتھ قیام پذیر رہے۔ قاضی فرحان نے بتایا کہ ان کے خالو نصیر عثمانی کئی سالوں سے عارضۂ قلب کے ساتھ دیگر پیچیدہ امراض میں مبتلا تھے، کچھ عرصہ قبل ان کی بائی پاس سرجری بھی ہوئی تھی، لیکن تین یوم قبل وہ اچانک برین ہیمبریج کا شکار ہوگئے تھے، ڈاکٹروں نے اسی وقت مایوسی کا اظہار کردیا تھا۔ آج ظہر کے وقت انہوں نے اپنے گھر میں ہی آخری سانس لی، مرحوم نہایت خوش اخلاق، ملنسار اور خدمت خلق کا جذبہ رکھنے والے جفاکش انسان تھے۔ جیسے ہی ان کے انتقال کی خبر دیوبند پہنچی تمام رشتہ داروں، عزیزوں اور متعلقین کے یہاں ماحول سوگوار ہوگیا۔ ان کے انتقال پر عیدگاہ وقف کمیٹی کے متولی محمد انس صدیقی، دارالعلوم وقف دیوبند کے مہتمم مولانا سفیان قاسمی، جامعہ طبیہ دیوبند کے سکریٹری ڈاکٹر انور سعید، ڈاکٹر اختر سعید، مرکزی جامع مسجد کے متولی خرم عثمانی، مسلم فنڈ ٹرسٹ دیوبند کے منیجر سہیل صدیقی، اسسٹنٹ منیجر سید آصف حسین، انعام قریشی، معاویہ علی، پریس ایسوسی ایشن کے صحافیوں معین صدیقی، فہیم عثمانی، مشرف عثمانی، سمیر چودھری، فہیم صدیقی، عارف عثمانی، راشد قیصر، آباد علی شیخ، اور دیوبند کی دیگر معزز شخصیات راحت خلیل، صدیقی، اعظم نمبردار، راحیل خان، اسامہ ملک، عظیم احمد عثمانی، سعد صدیقی، مولانا ندیم الواجدی، قدرالزماں، بدرالزماں، ثوبان نمبردار، قاضی دانش، فرحت الٰہی اور دیگر احباب و متعلقین نے جملہ پسماندگان سے اظہار تعزیت کیا اور مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی۔ بعد نماز عشاء مرحوم کی نماز جنازہ دارالعلوم کے احاطہ مولسری میں ادا کی گئی۔

بھیم آرمی ایکتا مشن کے کارکنوں کا ایس سی/ایس ٹی پر ہو رہے مظالم کیخلاف مظاہرہ

سہارنپور (ایس این بی)

بھیم آرمی ایکتا مشن کے کارکنوں نے یہاں نکوڑ کے ڈاک بنگلہ سہارنپور روڈ پر جمع ہوکر ایس سی/ایس ٹی اور او بی سی پر کئے جا رہے مظالم کا الزام لگاتے ہوئے آج یہاں احتجاج اور مظاہرہ کیا اور اس بابت ایک میمورنڈم صدرِ جمہوریہ کے نام تحصیلدار و سرکل پولیس افسر کو سونپا۔ بھیم آرمی کا الزام ہے کہ ایک طرف افسران ایس سی/ ایس ٹی اور او بی سی کے مسائل پر توجہ نہیں دیتے تو دوسری جانب ان طبقات پر مظالم بڑھتے جارہے ہیں اور ان کا ہر سطح پر استحصال کیا جا رہا ہے اور خوف کا ماحول بنایا جا رہا ہے۔ بھیم آرمی کے لوگوں نے گاؤں ملک پور میں ہوئے ایسی ہی ایک واردات کو انجام دینے والے دبنگوں کے خلاف قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے اور ملزمان کی گرفتاری کی مانگ کی ہے۔ بھیم آرمی نے نکوڑ کوتوالی پولیس پر بھی ذات برادری کے نام پر بھیم آرمی کے لوگوں کے ساتھ بدسلوکی کی جارہی ہے اور ایس سی/ایس ٹی سماج کو بے عزت کیا جارہا ہے۔ صدرِ جمہوریہ کے بھیجے گئے میمورنڈم میں گاؤں رندیوا کے تالاب کی زمین پر کئے گئے ناجائز قبضہ کو بھی ختم کرائے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔ اس موقع پر سرکل پولیس افسر وبھو پانڈے اور نائب تحصیلدار نے مظاہرین کو بھروسہ دلایا کہ ان کا دیا گیا میمورنڈم صدرِ جمہوریہ کو ارسال کر دیا جائے گا۔ مظاہرہ کرنے والوں میں ارجن گوتم، پنکج بودھ، دنیش راون، سچن بہانہ، امریش کمار گوتم، وکاس نڈر، ڈاکٹر سوربھ کٹاریہ، پنٹو کپل، انل کلہری، نریش آریہ، انج، انکت آریہ، اجے، گووند سرپنچ، آشوتوش رمن، وریندر کلہڑی، پنکج موریہ اور امرجیت وغیرہ شامل تھے۔

بائک سوار 2 افراد سڑک حادثہ کا شکار

ہاپوڑ (ایس این بی) تھانہ حافظ پور حلقہ کے قومی شاہراہ پر واقع جے ایم ایس کالج کے نزدیک بائک پر سوار 2 افراد سڑک حادثہ کا شکار ہوگئے۔ اس حادثہ میں ایک نوجوان کی موت ہوگئی جبکہ دوسرا شدید طور پر زخمی ہوگیا۔ پولیس موقع پر پہنچی اور زخمی حالت میں نوجوان کو اسپتال پہنچایا، وہیں مہلوک کی لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا۔ بتایا گیا ہے کہ اتوار کی دیر شام بائک پر سوار ناظم ولد نظام الدین اور عمر ولد سلیمان بائک پر سوار ہوکر مراد آباد جارہے تھے، جیسے ہی جے ایم ایس کالج کے نزدیک پہنچے بائک بے قابو ہوکر ڈیوائیڈر سے ٹکرا گئی۔